میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ ترکی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

ہفتہ، 29رمضان، 1438ھ | 24/06/2017 | نمبر: TR-BA-2017-MB-TR-011

پریس ریلیز

اُن ظالموں کو محض مایوسی ہو گی جو یہ سمجھتے ہیں کہ وہ بہادر یلماز کی ہمت و حوصلے کو توڑ سکتے ہیں!

گزشتہ رات انقرہ پولیس ہیڈ کوارٹرز سے آنے والی پولیس کی بھاری نفری نے یلماز شیک کو اس وقت حراست میں لے لیا جب وہ افطاری کی میز پر بیٹھے تھے، اور انہیں جیل میں ڈال دیا۔ رمضان کے مقدس مہینے میں ایک مسلمان پر کیا جانے والا یہ ظلم ظالموں کے ماتھے پر ہمیشہ کے لیے کلنگ کا ٹیکہ بن گیا ہے۔ یلماز شیک جو سال ہا سال سے اپنے کندھوں پر اسلام کی دعوت کی ذمہ داری اٹھائے ہوئے ہیں، حزب التحریر کے خلاف عدالتی ظلم کا نشانہ بننے والے بہت سے بے گناہ لوگوں میں سے ایک ہیں۔

اس سے قبل بھی یلماز شیک کو بے شمار مرتبہ غیر قانونی حراست میں لیا جا چکا ہے اور جیل بھیجا جا چکا ہے۔ وہ دو علیحدہ علیحدہ مقدمات کہ جنہیں بنیاد بنا کر اِن بابرکت دنوں میں انہیں جیل بھیجا گیا، نہ صرف افسوس ناک بلکہ مضحکہ خیز ہیں، جن کے مطابق یلماز شیک نے 2005 میں ولایہ ترکی میں حزب التحریر کے ترجمان کی حیثیت سے 200 رمضان کے عید کارڈ متعدد شہریوں اور سرکاری اداروں کو ارسال کیے تھے، جس پر اس وقت کے ATO کے چیئرمین سنان ایکن نے شکایت کی تھی۔ پس انہیں قصوروار ٹھہرایا گیا اور ساڑھے سات سال قید کی سزا سنائی گئی۔ رہا ہونے کے بعد حسبِ سابق وہ میڈیا کے کیمروں کے سامنے آئے اور حزب التحریر پر لگائی جانے والی تہمتوں کا جواب دیا، جو خاص طور پر FETO میڈیا نے لگائیں تھیں۔ چونکہ انہوں نے ان بے بنیاد الزامات کا جواب دیا تھا، لہٰذا انہیں پھر قصوروار ٹھہرایا گیا اور 2009 میں مزید ساڑھے سات سال قید کی سزا سنا دی گئی۔

ایک طرف ہم دیکھتے ہیں کہ دستوری عدالت کی طرف سے نہ صرف ان لوگوں کی ذاتی اپیل کو فی الفور قبول کر کے رہا کر دیا جاتا ہے بلکہ کئی لاکھ لیرا تلافی کے طور پر دیے گئے کہ جن پر ارجینی کان (Ergenekon) گروپ کا مقدمہ چلایا گیا تھا، جبکہ دوسری طرف یلماز شیک کی ذاتی اپیل کی درخواست کئی سالوں سے دستوری عدالت کے سرد خانے میں شنوائی کی منتظر ہے۔ اسی طرح سیکولرازم اور کمال ازم کے ماننے والوں کے مقدمے کی دوبارہ سماعت کا مطالبہ تو فوراً قبول کر لیا جاتا ہے اور انہیں بے گناہ قرار دے کر ایک ایک کر کے بری کر دیا جاتا ہے جبکہ یلماز شیک کی دوبارہ سماعت کی عدالتی درخواست کو مسترد کر دیا جاتا ہے۔ یہ ہے ان ظالموں کی ذلت کی انتہاء اور بے شک ان کا انجام برا ہے۔

ہم اس پلیٹ فارم کے ذریعے اہلِ اقتدار اور حکومتی عہدیداروں اور ذمہ داروں پر اور اُن تمام ظالموں پر جو یلماز پر ڈھائے جانے والے ظلم میں شریک ہیں، یہ واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ تم ہزاروں سال تک مقدمات چلاتے رہو اور جیلیں بھرتے رہو تم یلماز شیک یا حزب التحریر کے کسی رکن کے خلاف دہشت گردی کا کوئی ثبوت پیش نہیں کر سکتے۔ تم نے حزب التحریر کے اراکین کو "دہشت گرد تنظیم کے رکن" کہہ کر ظلم کیا ہے حالانکہ وہ ہر طرح کے تشدد اور دہشت گردی کے خلاف ہیں۔ ایک وہ وقت تھا جب تم نے اسلام کے دشمن کمال ازم کے پیروکاروں کے ساتھ یہ کیا تھا! تم نے اپنے پرانے دوستوں کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا جنہیں اب تم FETO(فتح اللہ گولن کی تحریک) کہہ کر پکارتے ہو! اور ایک وہ وقت تھا جب تم نے اپنے کچھ اور ساتھی بنا رکھے تھے کہ جن کے ساتھ تم یہ جرائم سرانجام دیا کرتے تھے۔

اے ظالمو! کیا تمہارے دل میں اللہ کا ذرہ برابر بھی ڈر باقی نہیں رہا؟ کیا تم نے کبھی سوچا کہ تمہارا انجام کیا ہو گا؟ اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ تم استقامت کے پہاڑ یلماز کی ہمت و حوصلے کو توڑ دو گے تو تمہیں مایوسی ہو گی! تمہارے ظلم در ظلم نے یلماز کو مردِ آہن (شیک) بنا دیا ہے اور تمہارا یہ اقدام مزید کئی لوگوں کو بے باک مردِ آہن بنائے گا! اور قیامت کے دن تمہیں اپنے ظلم و جبر کا کڑا حساب دینا پڑے گا۔

(وَلاَ تَحْسَبَنَّ اللّهَ غَافِلاً عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الأَبْصَارُ)

"اور یہ مت خیال کرنا کہ اللہ ظالموں کے اعمال سے غافل ہے۔ وہ انہیں اس دن تک مہلت دے رہا ہے کہ جس دن آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی"(ابراہیم:42)

ولایہ ترکی میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب پیج: www.hizb-turkiye.org
ای میل: bilgi@hizb-turkiye.org
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info